Chicago Public Schools

13 اپریل، 2020

محترم CPS فیملیز،

ہم پہلے نہیں ہیں جو یہ کہہ رہے ہوں گے کہ یہ اسکول کے لیے ایک مشکل سال ہے۔ اپنے ضلع کے قائدین کے طور پر، ہم جانتے ہیں کہ عالمی سطح پر صحت کی ہنگامی صورتحال کے دوران اسکول کے بند ہونے کے بارے میں تشویش پریشان کُن ثابت ہو سکتی ہے۔ لیکن ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ ہمارا ضلع ہمارے لوگوں کی وجہ سے عروج پر ہے—ہمارے ہنگامی عملے سے جنہوں نے اپنے کاموں سے ایک دن کی چھٹی نہیں کی اور ہمارے خدمت کے جذبے سے سرشار اساتذہ سے لے کر ہمارے غیر معمولی طلباء اور فیملیز تک جو ہر مرحلے پر پیش پیش ہیں۔ ہم اس چیلنجگ وقت میں عروج پر ہی رہیں گے، اور چاہے جب ایسا محسوس ہو کہ اپنے نوجوان افراد کو وہ تعلیم فراہم کرنے کے لیے جس کے وہ مستحق ہیں ہمیں مافوق الفطرت بننا پڑے گا، ہمیں اپنے آپ کو محض یہ یاددہانی کروانے کی ضرورت ہے کہ ہم آنے والے چیلنج کا مقابلہ کرنے کے لیے کافی مضبوط ہیں۔

جب ہمارے اسکولز کھلے ہوتے ہیں، تو کمیونٹی میں ان کی فراہم کردہ خدمت کی قدر عیاں ہوتی ہے۔ لیکن کچھ اعتبار سے، عمارتوں کے بند ہونے سے یہ قدر اور بھی زیادہ واضح ہو جاتی ہے۔ گزشتہ کچھ ہفتوں سے، ہمیں ان لاتعداد افراد نے حیران کر دیا ہے جو بغیر کسی ذاتی غرض کے ہماری اسکول کمیونٹیز کی مدد کے لیے آگے آئے ہیں۔ خصوصاً، ہم اپنے غذائی سروس کے عملے، محفوظ راستے کے کارکنان، اور اسکول منتظمین کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں اب تک فیملیز کو [4 ملین سے زائد کھانوں کی فراہمی]() میں ہمارے اسکولز کی مدد کے لیے مل کر کام کیا۔ جب تک یہ بحران ہمیں علیحدہ رکھے گا ہم اس وقت تک اپنے طلباء کی مدد کرنا جاری رکھیں گے۔

بطور سابقہ CPS اساتذہ، ہم جانتے ہیں کہ طلباء، اساتذہ، اور منتظمین کے درمیان بننے والے تعلقات کو اکثر عمدہ طور پر جادوئی سے تابیر کیا جا سکتا ہے۔ یہ جاننا حوصلہ افزاء ہے کہ چاہے ہم الگ ہی ہو گئے ہوں، یہ جادو ہمیں ایسے طریقوں سے متحد رکھتا ہے جنہیں ہم نے پہلے کبھی نہیں دیکھا ہے۔ [اگاسیز طلباء کے روزانہ صبح پلیج آف الیجنس (Pledge of Allegiance) میں ہماری رہنمائی سے لے کر برنٹینو (Brentano) میں پرنسپل لیون (Principal Lavin) کی تصوراتی کہانی کے وقت تک سے لے کر لنڈبلوم(Lindblom) آرٹ ٹیچر مس کرون(Crone) کے تخلیق کردہ آرٹ +]() چیلنج تک، ہمارا ضلع پڑھنے، سیکھنے اور مل کر بڑھنے کو جاری رکھے ہوئے ہے۔ ہم ایسے افراد کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں جو اپنے ہم جماعت، ساتھیوں، اور شکاگو کے شہریوں کو دیکھنے کے علاوہ کہیں اور تخلیقی تحریک تلاش نہیں کرتے۔

**گھر پر سیکھنا**

آج، 13 اپریل، اس غیر یقینی سفر کے اگلے مرحلے کا آغاز کرتا ہے۔ ہمارے ریموٹ سیکھنے کے منصوبے انہیں بنیادی اقدار کے حامل ہیں جیسے ہمارے پانچ سالہ مقاصد ہیں: طلباء کو اعلیٰ معیار کے سیکھنے کے مواقع فراہم کرنا جو ان کی انفرادی ضروریات کو پورا کرتے ہیں اور اساتذہ کو طلباء کو مرکز بناتے ہوئے یکساں تعلیمی تجربات فراہم کرنے کے لیے بااختیار بنانا۔ یہ اقدار ان منصوبوں کے ہر فیصلے کے پیچھے بطور رہنما کارفرما ہیں، بشمول طلباء کو عارضی زندگی گزارنے کی صورتحالوں میں مصروف عمل رکھنے، متنوع متعلمین، اور انگریزی متعلمین، یقینی بنانا کہ ہدایتی ذرائع ڈیجیٹل اور پرنٹ مواد دونوں میں دستیاب ہوں، اور طلباء کو سیکھنے میں مدد دینے کے لیے فیملیز کو 100,000 سے زائد ڈیوائسز کی تقسیم کے خصوصی وسائل۔

اگر یہاں کوئی ایک لفظ موجود ہے جس پر ہم چاہتے ہیں کہ تمام لوگ جڑ جائیں، تو وہ مشغولیت ہے۔ ہمیں سوچنا چاہیئے کہ ہم یہ یقینی بنانے کے لیے کیسے ایک دوسرے کے ساتھ مشغول رہ سکتے ہیں اور نظر رکھ سکتے ہیں کہ ہماری CPS فیملی میں ہر کوئی معاونت یافتہ محسوس کرتا ہے۔ ان سب سے بڑھ کر، ہمیں اپنے طلباء کو مصروف عمل رکھنے کی ضرورت ہے تاکہ وہ اپنی مکمل صلاحیت کو حاصل کرنا جاری رکھ سکیں۔

حتیٰ کے ہمارے دشوار ترین دنوں میں، ہمیں یہ جان کر پرُسکون رہنا چاہیئے کہ یہ صورتحال مستقل نہیں ہے اور ہم جلد پھر متحد ہو جائیں گے۔ جب تک وہ وقت نہیں آتا، آئیں ہم اپنا اور ایک دوسرے کا خیال رکھنے پر توجہ مرکوز رکھنے کو جاری رکھیں۔ آج، ہم ان کاموں کو ہفتوں میں کرنے کی کوشش کریں گے جن کے لیے عام طور پر سالوں منصوبہ بندی کی جاتی ہے، اور ہمیں ایک دوسرے کے ساتھ رحمدلی، صبر، اور مہربانی سے کام لینا چاہیئے۔ یہاں یقیناً دشواریوں کا سامنا ہو گا، لیکن یہ انتہائی اہم ہے کہ ہم ایک دوسرے کی مدد کرنا جاری رکھیں جب تک ہم اس صحت کی عالمی ہنگامی صورتحال سے باہر نہیں نکل جاتے۔ اس وقت تک، آئیں ہم سب یہ یقینی بنانے کے لیے مل کر کام کریں کہ ایک ایسا ماحول تخلیق کریں جہاں طلباء سیکھنا جاری رکھ سکیں اور اساتذہ پڑھانا جاری رکھ سکیں۔

مخلص،

جینیکا کے جیکسن
(Janice K. Jackson)، EdD
چیف ایگزیکٹو آفیسر
شکاگو پبلک اسکولز

لا تانیہ ڈی مکڈیڈ
(LaTanya D. McDade)
چیف ایجوکیشن آفیسر
شکاگو پبلک اسکولز